اطلاع برائے غیر معمولی اجلاسِ عام

بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کے-الیکٹرک لمیٹڈ کا غیر معمولی اجلاسِ عام (EOGM) بروز بدھ، 25 مارچ 2026ء بوقت صبح 11:30 بجے، گرینڈ بال روم اور شالیمار ہال، پرل کانٹینینٹل ہوٹل، کلب روڈ صدر، کراچی میں منعقد ہوگا، نیز الیکٹرانک ذرائع/ ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے بھی منعقد کیا جائے گا تا کہ مندرجہ ذیل امور کی کارروائی کی جائے:

عمومی امور

1۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کی جگہ ڈائریکٹرز کا انتخاب کرنا۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (1)159 کے تحت (بشمول حکومتِ پاکستان کی جانب سے نامزد کردہ تین (3) ڈائریکٹرز) ڈائریکٹرز کی تعداد تیرہ (13) مقرر کی ہے۔ حکومتِ پاکستان نے کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 165 کے تحت تین (3) ڈائریکٹرز نامزد کیے ہیں، لہٰذا بقیہ دس (10) ڈائریکٹرز کا انتخاب ہونا ہے۔ ریٹائر ہونے والے ڈائریکٹرز کے نام جو دوبارہ انتخاب کے اہل ہیں، درج ذیل ہیں:

1۔ جناب مارک جیرارڈ اسکیلٹن
2۔ جناب ادیب احمد
3۔ جناب مبشر ایچ۔ شیخ
4۔ جناب محمد کامران کمال
5۔ جناب سعد امان اللہ خان
6۔ جناب شان اے۔ اشعری

اس نوٹس کے ساتھ کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)166 کے تحت ضروری حقائق پر مشتمل بیان منسلک ہے۔

بحکم بورڈ
رضوان پسنانی
چیف رسک آفیسر اینڈ کمپنی سیکریٹری

مورخہ 04 مارچ 2026
کراچی

نوٹس

1۔ کتب کی بندش

غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے مقصد کے لیے کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 17 مارچ 2026ء سے 25 مارچ 2026ء (بشمول دونوں ایام) تک بند رہیں گی۔ جو ٹرانسفر 16 مارچ 2026ء کو کاروباری اختتام تک سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس 99-بی، بلاک-بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 میں موصول ہوں گے، وہ غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت اور ووٹ دینے کے لیے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

2۔ ای میل کے ذریعے نوٹس کی ترسیل

S.R.O 452(I)/2025 کے مطابق، غیر معمولی اجلاسِ عام کا نوٹس قابلِ اطلاق قوانین کے تحت کمپنی کو فراہم کردہ اراکین کے رجسٹرڈ ای میل ایڈریسز پر ارسال کیا جائے گا۔

3۔ ذاتی شرکت کے لیے

(i) کوئی بھی انفرادی شیئر ہولڈر (نان-سی ڈی سی) اور سی ڈی سی کا اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جو اس اجلاس میں ووٹ دینے کا اہل ہو، اپنی شناخت کی تصدیق کے لیے اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) ہمراہ لائے گا، اور پراکسی کی صورت میں شیئر ہولڈر کے تصدیق شدہ CNIC کی نقل پراکسی فارم کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہوگا۔

(ii) کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی مصدقہ قرارداد/مستند پاور آف اٹارنی بمع نامزد کردہ فرد کے دستخط کے نمونے اجلاس کے وقت پیش کیے جائیں گے، اگر یہ پہلے فراہم نہ کیے گئے ہوں۔

4۔ پراکسی کی تقرری

(i) ہر رکن جو اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو، وہ تحریری طور پر کسی دوسرے رکن کو اپنا پراکسی مقرر کرسکتا ہے تا کہ وہ اس کی جانب سے اجلاس میں شرکت کرے اور ووٹ دے۔ پراکسی لازماً کمپنی کا رکن ہونا چاہیے۔ پراکسی فارم کو مکمل طور پر پُر کرنے کے بعد کمپنی سیکریٹری کے پاس، کے ای کارپوریٹ افیئرز ڈیپارٹمنٹ، گراؤنڈ فلور، بلاک-بی، ایلینڈر روڈ، پاور ہاؤس، آئی آئی چندریگر روڈ کے قریب، کراچی میں، اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے جمع کروانا ہوگا۔ تاہم کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (6)137 کے مطابق مذکورہ 48 گھنٹوں کے حساب میں ایسے دن کے کسی حصے کو شامل نہیں کیا جائے گا جو ورکنگ ڈے نہ ہو۔

(ii) سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کے 26 جنوری 2000ء کے جاری کردہ سرکلر نمبر 1 کے تحت درج ذیل ہدایات پر عمل کرنا ہوگا:

الف۔ انفرادی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا ذیلی اکاؤنٹ ہولڈر جن کی رجسٹریشن تفصیلات سی ڈی سی ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہوں، درج ذیل تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم جمع کرائیں گے:

i۔ اصل بینیفیشل آنرز/ مالکان اور پراکسی کے درست CNIC یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ نقل پراکسی فارم کے ساتھ فراہم کی جائے گی۔

ii۔ پراکسی اجلاس کے وقت اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

ب۔ کارپوریٹ ادارے کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی بمع دستخط کے نمونے پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو جمع کرائی جائے گی، اگر یہ قبل ازیں فراہم نہ کی گئی ہو۔

ج۔ پراکسی فارم کی تصدیق دو گواہوں سے کروانا لازم ہوگا، جن کے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم پر درج کیے جائیں گے۔

د۔ اگر کوئی رکن ایک سے زائد پراکسی مقرر کرے اور ایک سے زائد پراکسی فارم کمپنی میں جمع کرائے جائیں تو ایسے تمام پراکسی فارم کالعدم تصور ہوں گے۔

5۔ الیکٹرانک سہولت کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت:

شیئر ہولڈرز جو زوم ایپلیکیشن کے ذریعے غیر معمولی اجلاسِ عام میں شرکت کے خواہشمند ہوں، اُن سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ 23 مارچ 2026ء بوقت صبح 11:30 بجے (پاکستان اسٹینڈرڈ ٹائم) تک سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس بذریعہ ای میل اپنا اندراج کروائیں۔ ای میل کا موضوع ''Registration for KEL EOGM'' درج کیا جائے اور اسے cdcsr@cdcsrsl.com پر ارسال کیا جائے، نیز اپنے کارآمد CNIC کی واضح اسکین شدہ نقل بھی ساتھ منسلک کی جائے۔ الیکٹرانک ذرائع سے شرکت کرتے وقت اراکین کو درج ذیل لازمی معلومات فراہم کرنے کا مشورہ دیا جاتا ہے:

شیئر ہولڈر کا نام	کمپنی کا نام	کمپیوٹرائزڈ قومی شناخت نمبر	فولیو/سی ڈی سی نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس
	کے-الیکٹرک لمیٹڈ				

اراکین کو مذکورہ بالا درکار معلومات کی ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر کیا جائے گا اور اُن کے فراہم کردہ ای میل ایڈریس پر ویڈیو لنک ارسال کیا جائے گا۔ شرکاء کو اجلاس میں شمولیت کے لیے لاگ اِن سہولت اجلاس کے مقررہ وقت سے تیس (30) منٹ قبل فراہم کی جائے گی تا کہ شناختی عمل مکمل کرنے کے بعد وہ اجلاس میں شامل ہوسکیں۔

حصص یافتگان غیر معمولی اجلاسِ عام کے ایجنڈا آئٹمز سے متعلق اپنے تبصرے اور سوالات corporate.affairs@ke.com.pk پر بھی ارسال کرسکتے ہیں۔

6۔ ڈائریکٹرز کے انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کے لیے اہلیت کا معیار

(i) کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (3)159 کے تحت ڈائریکٹر کے انتخاب کے لیے اپنی امیدواری پیش کرنے کے ارادے کا نوٹس۔

(ii) فارم-9 کے ضمیمہ کی تکمیل اور دستخط شدہ نقل جس میں کمپنی کے ڈائریکٹر کے طور پر کام کرنے کے لیے رضامندی ظاہر کی گئی ہو (کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 167 کے تحت)۔

(iii) یہ اعلان کہ امیدوار کسی بھی قابلِ اطلاق قانون، قواعد وضوابط کے تحت ڈائریکٹر بننے کے لیے نااہل نہیں ہے اور یہ بھی تصدیق کرتا/کرتی ہے کہ وہ کمپنی کے آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن کی شق 63 کے مطابق مطلوبہ کوالیفیکیشن شیئرز رکھتا/رکھتی ہے۔

(iv) امیدوار کی مفصل پروفائل بمعہ دفتری پتے کے، جسے انتخاب کی تاریخ سے سات دن قبل کمپنی کی ویب سائٹ پر SECP کے ایس آر او 1196(I)/2019 مورخہ 03 اکتوبر 2019 کے مطابق رکھا جائے گا۔

(v) یہ اعلان کہ امیدوار لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شرائط اور کمپنیز ایکٹ، 2017 میں درج اہلیت کے معیار پر پورا اترتا/اترتی ہے اور بطور لسٹڈ کمپنی کے ڈائریکٹر خدمات انجام دینے کا اہل ہے۔

(vi) یہ اعلان کہ امیدوار کمپنیز ایکٹ، 2017، لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019، سیکیورٹیز ایکٹ، 2015، کمپنی کے میمورنڈم و آرٹیکلز آف ایسوسی ایشن، پاکستان اسٹاک ایکسچینج (PSX) کے قواعد اور دیگر قابلِ اطلاق قوانین/قواعد/ضوابط/کوڈز کے تحت ڈائریکٹر کے فرائض اور اختیارات سے آگاہ ہے۔

(vii) یہ اعلان کہ امیدوار رجسٹرڈ ٹیکس دہندہ ہے اور کسی مجاز عدالت کی جانب سے کسی بینکنگ کمپنی، ڈیولپمنٹ فنانشل انسٹی ٹیوشن یا نان بینکنگ فنانشل انسٹی ٹیوشن کے قرض کی عدم ادائیگی کے نادہندہ کے طور پر سزا یافتہ نہیں ہے اور نہ ہی وہ یا اس/اس کی شریکِ حیات اسٹاک بروکریج کے کاروبار سے وابستہ ہیں۔

(viii) درست شدہ (تصدیق شدہ) قومی شناختی کارڈ (CNIC) اور این ٹی این کی نقول۔

I۔ آزاد ڈائریکٹرز کے لیے

آزاد ڈائریکٹرز، جن کے نام SECP کی جانب سے مجاز اداروں کے ذریعے برقرار رکھی گئی آزاد ڈائریکٹرز کی ڈیٹا بینک میں درج ہیں کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 159 کے تحت ڈائریکٹرز کے انتخاب کے عمل کے ذریعے منتخب کیے جائیں گے اور وہ کمپنیز ایکٹ کی دفعہ 166، کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 میں بیان کردہ معیار پر پورا اتریں گے۔ اس کے مطابق، آزاد ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب میں حصہ لینے والے امیدواروں کو درج ذیل اضافی دستاویزات جمع کروانی ہوں گی:

i. لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز، 2019 کی شق (3)6 کے تحت آزاد ڈائریکٹر کی جانب سے اعلان۔

ii. آزاد ڈائریکٹر کی جانب سے نان جوڈیشل اسٹیمپ پیپر پر یہ عہد نامہ کہ وہ کمپنیز (آزاد ڈائریکٹرز کے طریقہ کار اور انتخاب) ریگولیشنز، 2018 کی ضابطہ 4 کی ذیلی شق (1) کی شرائط پر پورا اترتا/اترتی ہے۔

iii. ڈیو ڈیلیجنس اور ریکارڈ کے لیے، امیدوار اپنا تازہ ترین ریزیومے، حالیہ پاسپورٹ سائز تصویر، تعلیمی دستاویزات، آزاد ڈائریکٹرز کی ڈیٹا بینک میں نام کا ثبوت، اور تجربے کے سرٹیفکیٹس جمع کروائے۔

II۔ اقلیتی شیئر ہولڈرز کی نمائندگی

کمپنی درج ذیل اقدامات کرے گی:

i. کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (4)159 کے تحت جاری نوٹس کے ساتھ اقلیتی شیئر ہولڈرز میں سے ایسے امیدوار کے بیان کو منسلک کرے جو بورڈ کے انتخاب میں حصہ لینا چاہتا ہو، جس میں امیدوار کی پروفائل شامل ہو؛

ii. امیدوار کو ممبرز اور شیئر ہولڈنگ کے ڈھانچے کی معلومات فراہم کرے؛ اور

iii. امیدوار کی درخواست پر اور کمپنی کے خرچ پر کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (4)159 کے تحت جاری نوٹس کے ساتھ اس امیدوار کی جانب سے مکمل شدہ پراکسی فارم کی اضافی نقل منسلک کرے۔

7۔ ای ووٹنگ اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کا طریقہ کار

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز 2018ء اور اُن میں کی گئی مطلع شدہ ترامیم کے مطابق، اراکین کو ڈائریکٹرز کے انتخاب کے مقصد کے لیے الیکٹرانک ووٹنگ سہولت اور پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ دینے کا حق استعمال کرنے کی اجازت ہوگی۔ اگر انتخاب میں حصہ لینے والے افراد کی تعداد کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 کے تحت مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ ہوجائے تو ووٹنگ ریگولیشنز میں درج طریقہ کار اور ضوابط کے مطابق منعقد کی جائے گی۔

8۔ S.R.O. 451(I)/2025 کے تحت غیر معمولی اجلاسِ عام میں اراکین کے ووٹنگ حقوق

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) کی جانب سے جاری کردہ S.R.O.451(I)/2025، مورخہ 13 مارچ 2025ء کے مطابق، وہ اراکین/حصص یافتگان جنہوں نے غیر معمولی اجلاسِ عام کی تاریخ سے قبل الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے اپنا ووٹ کاسٹ نہیں کیا اور اجلاس میں ذاتی طور پر شرکت کرتے ہیں، اُنہیں غیر معمولی اجلاسِ عام میں بیلٹ پیپر کے ذریعے بذاتِ خود ووٹ ڈالنے کی اجازت ہوگی۔

ای او جی ایم میں وہ پراکسی ہولڈرز جنہیں ممبرز نے قابلِ اطلاق قوانین اور کمپنی کی پراکسی شرائط کے مطابق درست طریقے سے مقرر کیا ہو، ممبر کی جانب سے ووٹ ڈالنے کی اجازت بھی ہوگی بشرطیکہ ممبر نے اجلاس سے پہلے الیکٹرانک ووٹنگ یا پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹنگ کے حقوق استعمال نہ کیے ہوں۔ ایسے پراکسی ہولڈرز کو ای او جی ایم میں شرکت کے وقت، اگر فرد ہوں تو اصل قومی شناختی کارڈ (CNIC) پیش کرنا ہوگا اور اگر کارپوریٹ ادارہ ہو تو کمپنی کی پراکسی گائیڈ لائنز کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی پیش کرنا ہوگی۔ درست پراکسی فارم اجلاس کے مقررہ وقت سے کم از کم 48 گھنٹے پہلے جمع کروانا ضروری ہے۔ تاہم کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (6)137 کے مطابق مذکورہ 48 گھنٹوں کے حساب میں ایسے دن کے کسی حصے کو شامل نہیں کیا جائے گا جو ورکنگ ڈے نہ ہو۔

9۔ اسکروٹنائزر کی تقرری

کمپنیز (پوسٹل بیلٹ) ریگولیشنز، 2018 کے ریگولیشن 11 کے مطابق، اور ای او جی ایم میں ڈائریکٹرز کے انتخاب کے سلسلے میں ریگولیشن 11 اے کے تحت ووٹنگ کے عمل کے انعقاد اور نگرانی کے مقصد کے لیے، بورڈ آف ڈائریکٹرز نے یوسف عادل، چارٹرڈ اکاؤنٹنٹس (جو کہ QCR ریٹنگ رکھنے والی آڈٹ فرم ہے) کو اسکروٹنائزر مقرر کیا ہے۔ اسکروٹنائزر کے پاس ووٹنگ کے عمل کی آزادانہ جانچ پڑتال کرنے کے لیے مطلوبہ علم اور تجربہ موجود ہے، اور وہ اس عمل کو قابلِ اطلاق قانونی تقاضوں کے مطابق انجام دے گا۔

10۔ تحائف کی تقسیم پر پابندی

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے S.R.O.452(1)/2025 کے ذریعے کمپنیز کو عام اجلاس کے موقع پر یا اُن کے سلسلے میں حصص یافتگان کو کسی بھی صورت یا انداز میں تحائف یا تحائف کے عوض مراعات (ٹوکنز/کوپن/لنچز/ٹیک اوے/پیکیجز) فراہم کرنے سے سختی سے منع کیا گیا ہے۔

11۔ پتے کی تبدیلی کی اطلاع

غیر-سی ڈی سی حصص یافتگان سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس B-99، بلاک-بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو مطلع کریں۔ وہ تمام حصص یافتگان جو سی ڈی سی کے ذریعے اپنے حصص رکھتے ہیں، اُن سے درخواست ہے کہ وہ اپنے پتے اپنے متعلقہ شرکاء/ انویسٹرا اکاؤنٹ سروسز کے پاس اپ ڈیٹ کروائیں۔

12۔ فزیکل شیئرز کو بک-انٹری فارم میں تبدیل کرنا

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (2)72 کے مطابق ہر موجودہ کمپنی کے لیے لازم ہے کہ وہ ایکٹ کے نفاذ کی تاریخ سے چار (4) سال کے اندر اپنے فزیکل شیئرز کو بک-انٹری فارم سے تبدیل کرے۔ مزید برآں، ایس ای سی پی نے اپنے مورخہ 26 مارچ 2021ء کے لیٹر کے ذریعے لسٹڈ کمپنیز کو ہدایت کی ہے کہ وہ فزیکل صورت میں سیکیورٹیز رکھنے والے حصص یافتگان کو انہیں بک-انٹری فارم میں تبدیل کرنے کے لیے ترغیب دیں۔ مذکورہ بالا قانونی تقاضے کی تکمیل اور بک-انٹری فارم میں سیکیورٹیز رکھنے کے فوائد حاصل کرنے کے لیے فزیکل شیئرز رکھنے والے تمام حصص یافتگان سے دوبارہ گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے حصص بک-انٹری فارم میں تبدیل کروائیں۔

13۔ NTN/CNIC سرٹیفکیٹ کی نقل جمع کرانا (لازمی)

اراکین سے درخواست ہے کہ وہ بک-انٹری فارم کی صورت میں اپنے متعلقہ پارٹیسپنٹ/سی ڈی سی انویسٹرا اکاؤنٹ سروسز کو، اور فزیکل صورت میں کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو، کمپنی کے نام اور اپنے متعلقہ فولیو نمبرز واضح طور پر درج کرتے ہوئے، اپنے کارآمد NTN/CNIC سرٹیفکیٹ کی نقل فراہم کریں۔

14۔ فزیکل حصص یافتگان کی لازمی رجسٹریشن تفصیلات

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 119 اور کمپنیز ریگولیشنز 2024 کے ریگولیشن 47 کے مطابق تمام فزیکل حصص یافتگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنی لازمی معلومات مثلاً CNIC نمبر، پتہ، ای میل ایڈریس، رابطہ موبائل/ ٹیلی فون نمبر، انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) وغیرہ، نوٹ نمبر 1 میں فراہم کردہ پتے پر ہمارے شیئر رجسٹرار کو فوری طور پر فراہم کریں تا کہ قانون کی کسی بھی خلاف ورزی یا مستقبل میں کسی قسم کی دشواری سے بچا جاسکے۔

کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (3)166 کے تحت بیان برائے اہم حقائق

لسٹڈ کمپنیز (کوڈ آف کارپوریٹ گورننس) ریگولیشنز 2019ء کے ریگولیشن 6 کے مطابق کمپنی کے بورڈ میں کم از کم دو (2) یا ایک تہائی (1/3)، جو بھی زیادہ ہو، آزاد ڈائریکٹرز کا ہونا ضروری ہے۔ آزاد ڈائریکٹرز کا انتخاب بھی کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن 159 کے مطابق دیگر ڈائریکٹرز کی طرح کیا جائے گا۔ آزاد ڈائریکٹرز کی جانب سے انتخاب میں حصہ لینے کے نوٹس/ رضامندی جمع کرانے کے بعد، کمپنی آزاد ڈائریکٹر کی تقرری کے لیے درج ذیل معیار اختیار کرے گی:

- پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف کارپوریٹ گورننس (PICG) کے ڈیٹا بینک میں آزاد ڈائریکٹر کے نام کی شمولیت، جو ایس ای سی پی سے باقاعدہ مجاز ہو۔
- امیدواروں کی متعلقہ صلاحیتوں، تنوع، مہارت، علم اور تجربے کا کمپنی کے تناظر میں جائزہ لیا جائے گا۔
- کمپنی مناسب جانچ پڑتال کرے گی کہ امیدوار کمپنیز ایکٹ 2017ء کے سیکشن (2)166 میں مذکورہ آزادی کے معیار پر پورا اترتا/اترتی ہو۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (4)159 کے مطابق، ای او جی ایم کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن پہلے مقابلہ کرنے والے امیدواروں کی حتمی فہرست اخبار میں شائع کی جائے گی۔ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے ڈائریکٹرز کی کل تعداد تیرہ (13) مقرر کی ہے۔ ان میں سے تین (3) ڈائریکٹرز کو حکومت پاکستان نے کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 165 کے تحت نامزد کیا ہے؛ لہٰذا، باقی دس (10) ڈائریکٹرز کے لیے انتخاب ہوگا۔ انتخاب صرف اس صورت میں منعقد کیا جائے گا جب ان دس (10) انتخابی نشستوں کے لیے موصول ہونے والے درست نامزدگی کے فارم کی تعداد دس (10) سے زیادہ ہو۔ ایسی صورت میں، بیلٹ پیپر ای او جی ایم سے کم از کم سات (7) دن قبل شائع کیا جائے گا۔ ممبرز ووٹ دینے کے لیے ای ووٹنگ کا بھی استعمال کرسکتے ہیں، جیسا کہ ریگولیشنز اور دیگر قابلِ اطلاق قوانین میں بیان کیا گیا ہے، اور ہر امیدوار کے لیے درکار معلومات کمپنی کی ویب سائٹ پر دستیاب ہوں گی۔

کمپنی کے کسی بھی ڈائریکٹر کا کاروبار میں براہِ راست یا بالواسطہ کوئی مفاد نہیں ہے، سوائے اس حد تک کہ وہ ڈائریکٹر کے طور پر انتخاب کے لیے اپنی امیدواریت پیش کرنے کے اہل ہوں۔